رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
A.B.C Certified
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | اتوار 07 ربیع الثانی 1448ھ | 20 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 68

قانون سب کے لیے برابر، احتجاج پر کوئی نرمی یا دباؤ قبول نہیں ہوگا

اسلام آباد میں کسی بھی جگہ احتجاج کی اجازت نہیں، حکومتی پالیسی واضح ہے، عطاء تارڑ

تحریک انصاف کی جانب سے ماضی میں احتجاج کے دوران پرتشدد مظاہرے کیے گئے، جبکہ احتجاج کے حوالے سے عدالت کا فیصلہ بھی آچکا ہے اور عدالتی حکم واضح ہے، وفاقی وزیر اطلاعات

تحریک انصاف نے ماضی میں عدالت کے فیصلوں کو تسلیم نہیں کیا، تاہم قانون کی عملداری سب کے لیے ضروری ہے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کی سرگرمیوں پر سوالات اٹھ رہے ہیں، نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ احتجاج کے حوالے سے حکومت کی پالیسی بالکل واضح ہے، اسلام آباد میں کسی بھی جگہ احتجاج کی اجازت نہیں دی جائے گی اور اس معاملے پر کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ کسی دباؤ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

کوہاٹ پولیس لائنز مسجد دھماکے میں ملوث ایک خودکش بمبار افغان شہری نکلا

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ پولیس لائنز کی (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار اور عباس عراقچی میں رابطہ، بحری جہازوں کی محفوظ آمد و رفت پر زور

فضا میں امن و استحکام کو یقینی بنانے کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری ہی واحد قابل عمل ذرائع ہیں، نائب وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی میں رابطہ ہوا جس میں علاقائی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ دفتر (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: ایندھن پر ریلیف اسکیم کے نفاذ کے بعد، پیٹرول پمپ پر ملازم رجسٹر میں صارفین کے نام درج کر رہا ہے

وزیر اعظم خصوصی ریلیف سکیم کامیاب، 5 لیٹر سے کم پیٹرول ڈلوانے والوں کو بھی رعایت ملیگی

وزیر اعظم کی ہدایت پر پانچ لیٹر سے کم پٹرول ڈلوانے والے موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو بھی ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں پانچ سو روپے کی رعایت ملے گی

ہفتہ وار ایک ٹوکن جاری کیا جائیگا اور ایک مہینے میں مجموعی طور پر 4 ٹوکن جاری کیے جائیں گے، گاڑی والے کو ایک مہینہ میں 10 لیٹر کے 3 ٹوکن جاری کرنے کا سلسلہ بھی چلتا رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم خصوصی ریلیف سکیم کے تحت پاکستان بھر میں 100 روپے فی لیٹر رعایتی نرخوں پر پٹرول کی فراہمی کامیابی سے جاری ہے، وزیر اعظم کی ہدایت پر پانچ لیٹر سے کم پٹرول ڈلوانے والے موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو بھی ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں پانچ سو روپے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

افغان طالبان دہشت گرد نیٹ ورکس کے خلاف قابل اعتبار اور قابل تصدیق اقدامات کریں، وزارت اطلاعات

افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گرد حملوں پر تشویش، محض مذمت نہیں عملی اقدامات ضروری ہیں، جاری بیان

پاکستان کی خودمختاری اور شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں، دہشت گردی کے خطرات کے خلاف تمام ضروری اقدامات کیے جائیں گے

اسلام آباد (آن لائن) وزارت اطلاعات و نشریات نے کوہاٹ میں جمعہ کی نماز ادا کرنے والے شہریوں اور پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کا نہ کوئی مذہب ہے اور نہ ہی اس کا کوئی جواز۔ وزارت اطلاعات نے الزام عائد کیا کہ حملہ افغانستان سے تعلق رکھنے والے خوارج کی جانب سے کیا گیا اور کہا کہ ایسے اقدامات کرنے (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

کوہاٹ دھماکہ، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی شہدا کے اہل خانہ سے ملاقات

دہشت گردوں کا بہادری سے مقابلہ کرنے والے پولیس اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کی ترجیح سیاسی انتقام ہے، دہشت گردی کا خاتمہ نہیں۔ وزیر اعلیٰ سہیل (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ملتان کے ارکان اسمبلی و نکٹ ہولڈرز ملاقات کر رہے ہیں

ریاست کی پالیسی بالکل واضح ہے کہ دہشت گردوں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوگی

پاکستان حرمین شریفین، سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد جانے کیلئے تیار ہے، ترجمان پاک فوج

دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں، وہ اپنے نظریے کو بندوق کی نوک پر مسلط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، دہشتگردی کی سرپرستی بھارت کر رہا ہے اور سوشل میڈیا باہر سے چلایا جا رہا ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری

افغان سرزمین دہشتگردی کے لئے استعمال ہو رہی ہے۔ اسی فیصد کے قریب بمبار افغانی ہیں، طالبان رجیم دہشتگردی روکنے کے لئے موثر اور مثبت کردار ادا کرے، وعدوں پر عملدرآمد نہیں کرتی تو پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے، انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی روکے، افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری ہوتے ہیں، 80 فیصد خودکش بمبار افغان ہیں، پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے عرب میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان عملی طور پر سعودی عرب کی مدد کیلئے وہاں موجود ہے، ہم سفارتی لحاظ سے بھی ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، یہ عزم ایک جذباتی، دیرینہ، تاریخی اور اٹوٹ رشتے سے جڑا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کسی کو شک و شبہ نہیں ہونا چاہیے پاکستانی عوام سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ہم سعودی عرب کیخلاف ہونے والی کسی بھی جارحیت کا دفاع کرنے کیلئے تیار ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اور اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی لانگ مارچ: 27 ستمبر کو پتا چلے گا ریاست اپنی رٹ کیسے قائم کرتی ہے، طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو پتا چل جائے گا کہ ریاست اپنی رٹ کیسے قائم کرتی ہے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، ریڈ زون میں پی ٹی آئی، جماعت اسلامی کے مارچ سے نمٹنے کی تیاریاں جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے ریڈ زون میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور جماعت اسلامی کے مارچ کے دوران مظاہرین سے نمٹنے کی تیاریاں جاری ہیں، جس کیلئے کنٹینرز کی ویلڈنگ کی جا رہی ہے (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی مارچ، آئی جی پختونخوا کی پولیس افسران کو ریلی یا جلوس میں مدد فراہم نہ کرنیکی ہدایت

عدالتی حکم کی خلاف ورزی کرنے والے افسر کے خلاف کارروائی کی جائے گی، آئی جی خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے کہا ہے کہ پولیس کا کوئی افسر اسلام آباد کی طرف مارچ، ریلی یا جلوس میں سہولت فراہم نہیں کرے گا۔ آئی جی کے پی ذوالفقار حمید کی جانب سے جاری ہدایت نامے میں کہا گیا کہ سہولت فراہم کرنے کی ہدایات پر آئی جی پولیس کو فوری اطلاع دی جائے گی، عدالتی حکم کی خلاف ورزی کرنے والے افسر کے خلاف (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

بلوچستان آپریشن ردالفتنہ 3 میں فتنہ الہندوستان کے 11 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردی کے خاتمے کیلئے ریاستی ادارے اور عوام متحد ہیں، میر سرفراز بگٹی

پنجگور کے علاقے گوارگو میں 5، چاغی کے امین آباد اور سیاہ چنگ میں 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے، بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، سرچ آپریشن جاری

وطن کے بہادر سپوت اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر دہشت گردی کے خلاف برسرپیکار ہیں، دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر سطح پر ناکام بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ

پنجگور/چاغی/کوئٹہ (این این آئی + خ ن) سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے 11 دہشتگرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع پنجگور اور چاغی میں فتنہ الہندوستان کے 11 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا، پنجگور کے علاقے گوارگو میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 5 دہشت گرد ہلاک ہوئے جن کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد اور سیاہ چنگ میں بھی دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کیں جہاں 6 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، محسن نقوی

وزیر داخلہ کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش

دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے، 11 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے خلاف بلوچستان میں کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے۔ وزیر داخلہ نے پنجگور اور چاغی میں 11 دہشت گردوں کو جہنم رسید (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

سندھی بھائیوں کے دماغ میں بغض ڈالا جا رہا ہے، مصطفیٰ کمال

سندھ میں سندھی بھائیوں، ماں اور بہنوں کو پیپلز پارٹی لڑانے کی کوشش کر رہی ہے، میڈیا سے گفتگو

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ ہمارے سندھی بھائیوں کے دماغ میں بغض ڈالا جا رہا ہے، یہ چاہتے ہیں کہ لوگ مسائل بھول جائیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مصطفیٰ کمال نے کہا کہ سندھ میں سندھی بھائیوں، ماں اور بہنوں کو پیپلز پارٹی لڑانے کی کوشش کر رہی ہے لیکن یہ سازش کامیاب نہیں ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)



یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور چھوٹی گاڑیاں خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیر اعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے

ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے

ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر بچت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

ایس ایم ایس کے کوئی چارجز نہیں ہیں

REG لکھ کر space دیں

STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں

STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں

STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں

STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:

STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں

STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی

STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف
اسلام آباد I آزاد جموں و کشمیر A گلگت بلتستان G
سندھ S پنجاب P خیبر پختونخوا K بلوچستان B

مزید رہنمائی کیلئے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں

URAAN PAKISTAN

وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan | www.mojb.gov.pk

PID (I) 2683-D/26

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو نکلا اور جب سے بیک وقت شائع ہوتا ہے بیورو آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 جب آفس 32266 فیکس 32755
اتوار 20 ستمبر 2026ء

صوبے میں ترقیاتی عمل

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے کے سماجی واقتصادی شعبوں میں معدنیات کا نکنی بارے حکمت عملی طے کر دی گئی ہے، ترقیاتی عمل کو تیز کرنے سروس ڈیلیوری فنڈز کے موثر استعمال اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچائے جا رہے ہیں، کسی بھی علاقے کی ترقی امن سے مشروط ہوتی ہے، موجودہ حکومت نے ترقیاتی عمل میں حائل تمام رکاوٹوں کو دور کرنے اور اسکیمات کو تیزی کے ساتھ مکمل کرنے کی پالیسی تیار کی ہے، جس پر عملدرآمد جاری ہے، تاہم امن وامان کی صورتحال کے باعث کچھ علاقوں میں ترقیاتی کاموں کو آگے بڑھانے میں مشکلات درپیش ہیں دشمن عناصر کی کوشش ہے کہ تعمیراتی کمپنیوں اور مزدوروں پر حملے کر کے حکومت کی ترقیاتی پالیسی کو سبوتاژ کیا جائے، فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف فورسز نے کارروائیاں تیز کر دی ہیں، مجموعی طور پر امن وامان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے، لیکن مزید بہتری کی گنجائش موجود ہے، ہمیں یقین ہے کہ حکومت ترقی مخالف عناصر کے عزائم کو ناکام بنانے کے لئے اقدامات کرے گی، تاکہ صوبے میں ترقیاتی کاموں کے ثمرات عوام تک پہنچائے جا سکیں۔

لوکل بسوں کا مسئلہ

صوبائی دارالحکومت میں لوکل بسوں کی بندش کے باعث شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کے بعد رکشوں نے کرائے مزید بڑھا دیئے ہیں، ہم ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ شہر کے مختلف روٹس پر بسیں اور ویگنیں چلانے کے لئے اقدامات کئے جائیں۔

ایران امریکہ جنگ، پاکستان؟

تحریر۔ مصطفیٰ کمال پاشا

پاکستان نے ایران امریکہ جنگ بند کرانے کے حوالے سے ثالثی کر کے عالمی سفارتی محاذ پر جو کامیابی حاصل کی تھی اس سے پاکستان کو جو عزت ملی تھی وہ ایران امریکہ جنگ میں شدت آنے کے بعد کہیں گم ہو گئی ہے ویسے جسے ثالثی کہا گیا وہ ثالثی نہیں بلکہ سہولت کاری تھی کیونکہ ثالثی کے لئے ثالث کی پوزیشن کا مستحکم، اعلیٰ اور ارفع ہی نہیں بلکہ اس کا فریقین پر اثر ورسوخ بھی ہونا ضروری ہوتا ہے لیکن ہمیں معلوم ہے کہ ایران امریکہ کسی طور بھی پاکستان کے کہنے سننے میں نہ تھے اور نہ ہیں۔ ایران کے ساتھ تو انقلاب ایران کے بعد سے ہمارے تعلقات دوستانہ نہیں رہے، ایران جتنا امریکہ کا دشمن ہے اتنا ہی اسرائیل کا اور شاید سعودی عرب کا اس سے بھی زیادہ، پاکستان امریکی اتحادی ہے سعودی اتحادی ہے ہمارے دل حرمین شریفین کی موجودگی کے باعث سعودی عرب کے ساتھ ہیں۔ سعودی عرب کے ساتھ ہمارے دیرینہ تعلقات ہیں ہمارے لاکھوں کارکن و عمال سعودی عرب میں روزگار کماتے ہیں جن سے ہماری زرمبادلہ کی ضروریات پوری ہوتی ہیں اس کے برعکس ایران ہمیں اچھی نظروں سے نہیں دیکھتا، وہ مسلکی برادری کو اپنا حمایتی بنانے میں لگا رہتا ہے۔ ایران نے لبنان، عراق، شام اور یمن میں اپنا اثر و رسوخ بڑھانے کی کاوشیں کیں وہاں تباہی و بربادی آئی۔ یہ سارے ملک آگ ولہو میں نہا گئے یہ ایران کی اپنی پالیسیوں کی وجہ ہے کہ آج ایران کو اپنی بقا کی جدوجہد کرنا پڑ رہی ہے یہ ایران کی قیادت کی پالیسیوں کا نتیجہ ہے کہ آج کوئی بھی مسلم ملک ایران کے ساتھ کھڑا دکھائی نہیں دیتا۔ ایران کے اچھے تعلقات بھارت کے ساتھ ہیں۔ بھارت کے ساتھ اچھے تعلقات چاہ بہار کی تعمیر و ترقی کے معاہدے میں بھی ڈھلے تھے لیکن پھر نجانے کیا ہوا کہ معاملات آگے نہیں بڑھ سکے۔ پاکستان نے ایران امریکہ جنگ بندی کے لئے کاوشیں کیں ایرانی قیادت کو امریکیوں کے ساتھ بٹھایا۔ امریکی وایرانی 45 سال بعد مذاکرات کی میز پر بیٹھے، معاملات میں بہتری کی صورت پیدا ہوئی لیکن پھر معاملات جنگ کی طرف چلے گئے ایسا ہونے میں جہاں ایرانی قیادت کی غیر حکیمانہ سوچ کا عمل دخل ہے وہاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی احمقانہ اور بچگانہ اپروچ کا بھی بڑا اہم کردار ہے۔ امریکہ عالمی اقتصادی قوت بھی ہے اور عسکری دیو بھی۔ ایران نصف صدی سے عالمی اقتصادی وفوجی پابندیوں کا شکار ہے اس کی فوجی صلاحیت کتنی ہوگی اس کی معاشی حالت انتہائی مخدوش ہے اس کے باوجود ابھی تک وہ امریکہ جیسی عالمی اقتصادی و فوجی طاقت کے سامنے کھڑا ہے اور اسے اپنی شرائط پیش کر رہا ہے۔ جنگ بندی کے لئے پسند کی شرائط پیش کر رہا ہے۔ عالمی منظر پر امریکہ کی جگ ہنسائی ہو رہی ہے۔

ایران امریکہ واسرائیل دشمن ہی نہیں بلکہ اس کے عرب ممالک کے حوالے سے تحفظات ظاہر ہیں۔ انقلاب ایران کے بعد ایران کا مسلکی تشخص کھل کر سامنے آیا۔ ایرانی حکومت نے شیعہ انقلاب برآمد کرنے کی پالیسی کا اعلان کیا تھا، حالیہ جنگ میں ایرانی ابھی تک سعودی عرب پر حملہ آور نہیں ہوئے لیکن حوثیوں کے ذریعے سعودی عرب پر جنگ مسلط کی جا چکی ہے۔ ایران کے امریکی مفادات پر داغے جانے والے میزائل ہوں یا چلائے جانے والے ڈرونز، ان سب کا نشانہ عرب ممالک ہیں۔ ایران امریکی مفادات پر حملوں کا نام دے کر عربوں کو تباہ و برباد کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ ایرانی قیادت خود بھی تقسیم ہے۔ ایک طرف ایران حکومت ہے دوسری طرف پاسداران ہیں۔ آیت اللہ بھی ایک مرکز قوت ہیں۔ ایرانی سیاسی قیادت اور انقلابی قیادت کے درمیان اختلافات بڑے واضح ہیں۔ ایرانی عوام پریشان ہیں، معیشت جان بلب ہے، اشیائے خورد ونوش کی قلت ہے۔ پاسدارانِ انقلاب کی گرفت نے معاملات میں شدید خرابی پیدا کر رکھی ہے ایسی ہی صورت حال کو دیکھتے ہوئے امریکہ واسرائیل کا خیال تھا کہ عوام اٹھ کھڑے ہوں گے اور ایرانی رجیم تبدیل ہو جائے گی لیکن اسرائیل کے ایران پر حملے نے منتشر ایرانی عوام کو متحد کر دیا۔ عوامی نفرت کا رخ اسرائیل اور پھر امریکہ کی طرف مڑ گیا۔ اب جنگ میں ایرانی رجیم کی تبدیلی کا پہلو عملاً ناپید نظر آ رہا ہے۔ پاسداران کی معاملات پر گرفت موثر ہو چکی ہے۔ ایرانی قیادت جنگ کا دائرہ پھیلا رہی ہے۔ مکہ معاہدے کے مطابق پاکستان وترکی وسعودی عرب ایک دوسرے کے دفاع کے پابند ہیں۔ حوثیوں کے سعودی عرب پر حملے کے بعد اطلاعات کے مطابق پاکستان نے ایران کو خبردار کیا ہے ویسے پاکستان اس سے پہلے بھی ایران کو سعودی عرب کے ساتھ چھیڑ چھاڑ سے منع کرتا رہا ہے۔ اب تو مشورہ نہیں بلکہ خبردار کیا گیا ہے کیونکہ سعودی عرب کا دفاع پاکستان کی ڈیوٹی بن چکا ہے۔

تاریخ کے طالب علم اور محقق کے طور پر میری رائے ہے کہ جنگ پھیل کر رہے گی، جنگ پھیلائی جا رہی ہے۔ اسرائیل، امریکہ اور ایران کے مفادات کچھ اس طرح مل گئے ہیں کہ جنگ جاری رکھنے میں ہی خیر نظر آ رہی ہے۔ عربوں کی تباہی امریکہ، اسرائیل اور ایران کا مشترکہ مفاد ہے۔ سعودی عرب کو اس جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے بلکہ دھکیل دیا گیا ہے۔ حوثی بنیادی طور پر یمن میں ایرانی پراکسی ہیں جس طرح ہرمز کو بند کر کے عربی تیل کی تجارت پر ضرب لگائی گئی ہے بالکل اسی طرح حوثیوں کے ذریعے باب المندب کو بند کر کے تیل کی تجارت کی تباہی میں رہی سہی کسر بھی نکالی جائے گی۔

پاکستان کو اس جنگ میں دھکیل کر پاکستان کو کمزور کرنا امریکی و اسرائیلی مفاد میں ہے، ہماری قومی معیشت انتہائی کمزور ہے، عوام ذلیل وخوار ہو رہے ہیں حکومتی اخراجات ان کے زخموں پر نمک کا کام کر رہے ہیں ایسے میں پاکستان کسی جنگ میں ملوث ہونے کا متحمل نہیں ہو سکتا، ویسے ہندوستان آپریشن سندور جاری رکھے ہوئے ہے، پاکستان پر جنگ مسلط کرنے کی کوشش جاری ہے، اللہ خیر کرے۔

☆☆☆☆

بیگم کلثوم نواز کی جمہوریت کے لیے خدمات، برسی پر خراجِ تحسین

تحریر۔ محمود خان

پاکستان کی سیاسی تاریخ میں بعض شخصیات ایسی ہیں جو اپنی سیاسی سوچ، اقتدار یا منصب کی وجہ سے نہیں بلکہ اپنے کردار، حوصلے، ثابت قدمی اور اصولی جدوجہد کے باعث عوام کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہتی ہیں۔ بیگم کلثوم نواز بھی ایسی ہی ایک باہمت اور باوقار سیاسی شخصیت تھیں جنہوں نے ملک میں جمہوریت، آئین کی بالادستی اور سیاسی آزادی کے لیے مشکل ترین دور میں آواز بلند کی۔ ان کی برسی کے موقع پر انہیں خراجِ تحسین پیش کرنا دراصل ایک ایسی خاتون کی جدوجہد کو یاد کرنا ہے جس نے آمرانہ دور کے جبر اور خوف کے ماحول میں جمہوری جدوجہد کا علم بلند کیا۔ بیگم کلثوم نواز کا نام پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ایک ایسے استعارے کے طور پر یاد رکھا جاتا ہے جو مشکل حالات میں استقامت، حوصلے اور عزم کی علامت بن کر سامنے آئیں۔ جب ملک میں آمریت کا دور تھا، سیاسی سرگرمیوں پر قدغنیں تھیں، سیاسی کارکنوں اور رہنماؤں کے لیے مشکلات پیدا کی جا رہی تھیں اور ہر طرف خوف وہراس کی کیفیت محسوس ہوتی تھی، ایسے ماحول میں بیگم کلثوم نواز نے خاموش رہنے کے بجائے جمہوریت کی بحالی کے لیے میدان میں آنے کا فیصلہ کیا۔ یہ وہ وقت تھا جب ان کے لیے سیاسی میدان میں قدم رکھنا آسان نہیں تھا۔ وہ بنیادی طور پر ایک گھریلو خاتون کی حیثیت سے زندگی گزار رہی تھیں، تاہم حالات نے انہیں سیاست کے ایک مشکل اور کٹھن راستے پر لا کھڑا کیا۔ انہوں نے اس چیلنج کو قبول کیا اور جمہوریت کی بحالی کے لیے سیاسی جدوجہد کی۔ ان کی جدوجہد نے یہ ثابت کیا کہ سیاسی جدوجہد صرف بڑے جلسوں، پارلیمانی ایوانوں یا اقتدار کے مراکز تک محدود نہیں ہوتی بلکہ ایک مضبوط عزم رکھنے والا فرد بھی نامساعد حالات میں تاریخ کا رخ بدلنے کی کوشش کر سکتا ہے۔ بیگم کلثوم نواز نے آمریت کے خلاف آواز بلند کرتے ہوئے مختلف سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں سے رابطے کیے اور جمہوریت کی بحالی کے لیے تحریک کو منظم کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے ملک کے مختلف علاقوں کا سفر کیا اور سیاسی کارکنوں کو متحرک کیا۔ ان کا پیغام واضح تھا کہ ملک کا نظام آئین، پارلیمان اور عوام کی رائے کے مطابق چلنا چاہیے اور کسی بھی فرد کو عوام کے سیاسی حق پر مستقل قبضہ نہیں کرنا چاہیے۔ ان کی جدوجہد کا سب سے نمایاں پہلو ان کا بے خوف انداز تھا۔ وہ جانتی تھیں کہ آمرانہ نظام کے خلاف آواز اٹھانے کے نتائج مشکلات، گرفتاری اور دباؤ کی صورت میں سامنے آ سکتے ہیں، لیکن انہوں نے ان خطرات کے باوجود اپنا سیاسی سفر جاری رکھا۔ انہیں گرفتار بھی کیا گیا، سیاسی سرگرمیوں میں رکاوٹیں پیدا کی گئیں اور دباؤ کا سامنا کرنا پڑا، مگر ان کے حوصلے میں کمی نہ آئی۔ وہ اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹیں اور جمہوریت کی بحالی کو اپنی جدوجہد کا بنیادی مقصد بنائے رکھا۔ بیگم کلثوم نواز کی سیاسی جدوجہد کا ایک اہم پہلو یہ بھی تھا کہ انہوں نے خواتین کے سیاسی کردار کو ایک نئی قوت فراہم کی۔ پاکستانی معاشرے میں خواتین ہمیشہ سیاست میں موجود رہی ہیں، لیکن بیگم کلثوم نواز نے ایک ایسے وقت میں عملی سیاسی مزاحمت کی مثال قائم کی جب حالات انتہائی دشوار تھے۔ انہوں نے ثابت کیا کہ خواتین نہ صرف سیاسی عمل کا حصہ بن سکتی ہیں بلکہ مشکل ترین حالات میں سیاسی تحریک کی قیادت بھی کر سکتی ہیں۔ ان کی شخصیت میں ایک طرف گھریلو زندگی کی سادگی اور وقار نظر آتا تھا تو دوسری طرف سیاسی میدان میں غیر معمولی جرات اور استقامت دکھائی دیتی تھی۔ یہی انداز ان کے کردار کو منفرد بناتا ہے۔ انہوں نے ذاتی مشکلات اور سیاسی دباؤ کو جمہوری مقصد کی راہ میں رکاوٹ نہیں بننے دیا۔ ان کی جدوجہد اس بات کی گواہ تھی کہ اصولوں پر قائم رہنے والی قیادت حالات کی سختیوں سے نہیں گھبراتی بلکہ مشکلات کو اپنے عزم کی آزمائش سمجھتی ہے۔ بیگم کلثوم نواز کا سیاسی سفر جمہوریت صرف انتخابات کے انعقاد کا نام نہیں بلکہ آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، آزادی اظہار، سیاسی اختلاف کے احترام اور عوام کے حقِ رائے دہی کے تحفظ کا مجموعہ ہے۔ ان اصولوں کے کمزور پڑ جانے سے جمہوری نظام بھی اپنی حقیقی روح سے محروم ہو جاتا ہے۔ اسی لیے جمہوریت کے لیے جدوجہد کرنے والی شخصیات کی خدمات کو یاد رکھنا قومی سیاسی شعور کے لیے ضروری ہے۔ بیگم کلثوم نواز کی جدوجہد کو پاکستان میں جمہوریت کے حوالے سے ایک اہم باب کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ مشکل حالات میں ان کی ثابت قدمی اور آمریت کے خلاف آواز اٹھانے کی جرات ایک نمایاں حقیقت ہے۔ بیگم کلثوم نواز نے اپنی زندگی کے آخری ایام بیماری میں گزارے اور 11 ستمبر 2018 کو لندن میں انتقال کر گئیں۔ بیگم کلثوم نواز اپنی سیاسی جدوجہد، جمہوریت کے لیے آواز اور مشکل حالات میں دکھائی جانے والی جرات کے باعث پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک یادگار باب بن چکی ہیں۔ ان کی زندگی یہ سبق دیتی ہے کہ جمہوریت کی حفاظت صرف سیاسی جماعتوں یا حکمرانوں کی ذمہ داری نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کا فرض ہے۔ جب آئین اور جمہوری اصولوں کی حفاظت کے لیے آواز اٹھائی جاتی ہے تو وہ آواز آنے والی نسلوں کے لیے راستہ بن جاتی ہے۔ برسی کے اس موقع پر بیگم کلثوم نواز کی جمہوری جدوجہد کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور ان کے اہل خانہ کو صبر وحوصلہ عطا فرمائے۔ ان کی یاد ہمیشہ اس عزم کے ساتھ زندہ رہے کہ پاکستان میں آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی، جمہوری اقدار اور عوام کے حقِ رائے دہی کا احترام ہی ایک مضبوط، مستحکم اور خوشحال پاکستان کی بنیاد ہے۔

☆☆☆☆

بدعنوانی کا ناسور: چھٹکارا کیسے ممکن ہے؟

تحریر۔ عبدالغفور چوہدری

آج کل پنجاب کی وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز صاحبہ اور ہمارے سدا بہار چیف سیکریٹری پنجاب کی طرف سے صوبہ پنجاب میں کرپشن کو روکنے کے لئے بڑے سخت بیانات داغے جا رہے ہیں۔ اور جناب ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب بھی ایکشن میں نظر آ رہے ہیں اور حسب سابق چھوٹے ملازمین کی پکڑ دھکڑ بڑی شدومد سے جاری ہے۔ اگرچہ سوشل میڈیا میں ایک سپرنٹنڈنٹ جیل اور ایک ایس ایس پی کرپشن کی گرفتاری کی خبریں بھی سننے کو مل رہی ہیں، لیکن ہم نہیں سمجھتے کہ کرپشن کی روک تھام کے لئے بنائے گئے موجودہ اداروں میں اتنی تنظیمی سکت ہے کہ اس عفریت نما ناسور کو نکیل ڈال سکیں۔ کیوں کہ ہماری معاشرتی زندگی کا کوئی شعبہ بھی ایسا نہیں بچا جو بدعنوانی میں لتھڑا ہوا نہ ہو۔ ایک ریڑھی لگانے والے سے لے کر ہماری عدلیہ، انتظامیہ، پولیس اور حکمران طبقہ کرپشن کی دلدل میں لتھڑ چکا ہے، جنہیں اس دلدل سے نکالنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ قارئین! آپ کو یاد ہوگا کہ ہم نے پچھلے سال ماہ دسمبر میں پاکستان میں گڈ گورننس کو ممکن بنانے کے لئے تجاویز پر مبنی بہت سارے کالم لکھے تھے۔ جو مختلف قومی اخبارات کی زینت بنے تھے۔

ہم نے ملک میں موجود انسداد بدعنوانی کے اداروں کے متعلق لکھا تھا: "ہمارے ملک میں انسداد بدعنوانی کے لئے وفاقی سطح پر فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (FIA) اور قومی احتساب بیورو (NAB) اور صوبائی سطح پر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ (ACEs) کام کر رہے ہیں۔ قومی احتساب بیورو 1999ء میں ڈکٹیٹر جنرل پرویز مشرف نے قائم کیا۔ اسے ہر دور میں سیاسی مقاصد کے لئے استعمال کیا گیا۔ جس سے اس کی اثر پذیری نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہے۔ ایف آئی اے بھی بدعنوانی کو روکنے کے لئے کوئی قابل رشک مثال قائم نہیں کر سکی۔ تمام صوبوں میں بھی اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کام کر رہی ہیں، لیکن بدقسمتی سے کرپشن کم ہونے کی بجائے بڑھتی ہی جا رہی ہے۔ اس ادارے کو بعض لوگ "آنٹی کرپشن یعنی کرپشن کی آنٹی" بھی کہتے ہیں۔ راقم خود بھی دوران ملازمت اس ادارے کا ضلعی سربراہ رہ چکا ہے اور اپنی خود نوشت سوانح حیات: "سیاہی سے ڈپٹی کمشنر تک" کے باب نمبر 23 میں اس ادارے کے طریقہ کار کا تفصیلی تذکرہ کر چکا ہے۔ اس ادارے کا ہمیشہ سے سارا زور پٹواری، رجسٹری محرر اور دیگر محکموں کے جونیئر اہل کاروں کے خلاف قانونی کارروائیاں کرنا رہا ہے۔ سینئر بدعنوان افسروں اور بڑے بڑے مگرمچھوں کی طرف دیکھنے سے بھی ان کے پر جلتے ہیں۔ اور نہ ہی حکمران طبقہ انھیں ایسا کرنے کی اجازت دیتا ہے"۔

ان اداروں کی ناکامی کی وجوہات کا تذکرہ کرتے ہوئے ہم نے تحریر کیا تھا: "ان اداروں کی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ سیاسی مداخلت کو سمجھا جاتا ہے۔ کیوں کہ ان اداروں میں تعیناتیاں سیاسی حکمران ہی کرتے ہیں۔ ہر حکومت اپنی مرضی کا چیئرمین نیب، ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے اور صوبائی ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ تعینات کرتی ہے۔ پھر اپنے سیاسی مخالفین کے خلاف کارروائیاں اور اپنے من پسند بدعنوان افراد کی بدعنوانیوں پر پردے ڈلواتی ہے۔ سیاستدانوں کی بات نہ ماننے والے افسروں کو کھڈے لائن لگا دیا جاتا ہے۔ ناکامی کی دوسری بڑی وجہ ان اداروں میں تعینات ہونے والے افسروں کی اپنی کرپشن ہے۔ عام طور پر ملزمان سے پہلے مک مکا کرنے کی کوشش کر کے اپنا حصہ وصول کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ بات نہ بننے کی صورت میں گرفتاری عمل میں آتی ہے۔ پھر معاملات ہماری عدالتوں کے سپرد ہو جاتے ہیں۔ وہاں پر جو کچھ ہوتا ہے وہ کسی سے ڈھکا چھپا نہیں ہے"۔

مذکورہ کالم کے آخر میں ہم نے ملک عزیز کو کرپشن کے ناسور سے پاک کرنے کے لئے اپنی تجاویز پیش کرتے ہوئے یوں لکھا تھا: "کہ اگر ہم ملک میں "گڈ گورننس" لانے کے خواہاں ہیں تو باقی اقدامات کے علاوہ ہمیں اپنے سرکاری اداروں میں بدعنوانی کے ناسور کا قلع قمع کرنے کے لئے انسداد بدعنوانی کے اداروں کی از سر نو تشکیل کرنا ہوگی۔ فی الوقت ملک میں جو صوبائی اینٹی کرپشن کے ادارے کام کر رہے ہیں ان میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور دیگر اداروں سے ڈیپوٹیشن پر افسروں کو تعینات جاتا ہے جن کی ہمدردیاں اپنے ساتھی افسروں کے ساتھ ہونا ایک لازمی امر ہے۔ ان کی پوسٹنگ اور ٹرانسفر کا اختیار بھی صوبائی حکومتوں کے پاس ہوتا ہے۔ اس لئے مقدمات بھی پسند اور ناپسند کی بنیاد پر بنائے جاتے ہیں۔ وفاقی سطح پر اینٹی کرپشن کے حوالے سے ایف آئی اے کی کارکردگی بھی تسلی بخش نہیں ہے۔ جہاں تک نیب کا تعلق ہے اگر سیاسی حکومتیں اسے استعمال کرنا بند کر دیں تو ہم سمجھتے ہیں کہ یہ ادارہ ملک میں بدعنوانی ختم کرنے میں بہت اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس لئے ہماری تجویز یہ ہے کہ اینٹی کرپشن کا سارا کام ایک آئینی ترمیم کے ذریعے نیب کے سپرد کر دیا جائے۔ ایف آئی اے کا اینٹی کرپشن ونگ اور صوبائی انسداد بدعنوانی کے اداروں کو ختم کر کے ان کے ملازمین اور دفاتر وغیرہ نیب کے حوالے کر دیے جائیں۔ نیب میں کوئی بھی افسر ڈیپوٹیشن پر نہ تعینات کیا جائے۔ اس ادارے میں تمام بھرتیاں فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے ذریعے کی جائیں یا دیگر اداروں سے نیک نام اور کام کے ماہر افسروں کو اس ادارے میں مستقل طور پر ضم کر لیا جائے۔ چیئرمین نیب اور ڈی جیز کی تعیناتی بھی فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے ذریعے کی جائے۔ نیب کے قوانین میں ترمیم کر کے جسمانی ریمانڈ کی زیادہ سے زیادہ مدت مجموعہ ضابطہ فوجداری 1898ء کے مطابق پندرہ دن کر دی جائے۔ جرم ثابت ہونے کی صورت میں کم از کم سزا چودہ سال مقرر کی جائے۔ پلی بارگین کی سہولت بھی ختم کر دی جائے۔ اگر نیب کے کسی افسر کے خلاف کرپشن کے الزامات ثابت ہو جائیں تو ایسے مجرم کو سزائے موت دے دی جائے۔ اگر کوئی تفتیشی افسر غلط تفتیش کرتا ہے اور ملزم عدالت سے بری ہو جاتا ہے تو ایسے تفتیشی کو کم از کم چودہ سال قید بامشقت کی سزا دی جائے۔ ملزم کو اس وقت تک گرفتار نہ کیا جائے جب تک تفتیشی افسر کو یقین نہ ہو جائے کہ ملزم گناہ گار ہے۔ ایسے ملزم کو گرفتار کرنے سے پہلے عدالت سے اجازت لی جائے۔ اگر ان تجاویز پر نیک نیتی سے عمل ہو جاتا ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے ملک میں کرپشن بہت حد تک ختم ہو جائے گی جس کے نتیجے میں ملک دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے گا"۔

☆☆☆☆

رونالڈو پرتگال فٹبال ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ جارج جیسس کے اسکواڈ میں شامل

تجربہ کار کھلاڑیوں روبن ڈیاس، برنارڈو سلوا اور برونو فرنینڈس کو بھی اسکواڈ میں برقرار رکھا گیا ہے، رپورٹ

اس کے بعد ٹیم 27 ستمبر کو ناروے کے خلاف اس کے ہوم گراؤنڈ پر میچ کھیلے گی جس کے بعد وہ یکم اکتوبر کو ایک اور میچ کھیلنے ڈنمارک روانہ ہوگی

بیونس آئرس (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو پرتگال فٹبال ٹیم کے نئے ہیڈ کوچ جارج جیسس نے اپنے پہلے اسکواڈ میں شامل کر لیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق تجربہ کار فارورڈ کو دفاعی چیمپئن کے آنے والے یوئیفا نیشنز لیگ کے میچوں کیلئے منتخب کیا گیا۔ کرسٹیانو رونالڈو نے حال ہی میں فیفا ورلڈ کپ 2026 کے بعد ریٹائرمنٹ کا اشارہ دیا تھا اور اس بات کی تصدیق کی تھی کہ یہ ٹورنامنٹ ان کا آخری ہوگا تاہم جارج جیسس کے پہلے اسکواڈ میں ان کی شمولیت کا مطلب یہ ہے کہ وہ فی الحال قومی ٹیم کا حصہ ہیں۔ جارج جیسس نے پرتگال کے آنے والے نیشنز لیگ کے مقابلوں کیلئے 25 رکنی اسکواڈ کا اعلان کیا۔ انہوں نے کرسٹیانو رونالڈو کے ساتھ ساتھ تجربہ کار کھلاڑیوں روبن ڈیاس، برنارڈو سلوا اور برونو فرنینڈس کو بھی اسکواڈ میں برقرار رکھا ہے۔ پرتگال اپنے نیشنز لیگ کے سفر کا آغاز 24 ستمبر کو ویلز کے خلاف کرے گا۔ اس کے بعد ٹیم 27 ستمبر کو ناروے کے خلاف اس کے ہوم گراؤنڈ پر میچ کھیلے گی جس کے بعد وہ یکم اکتوبر کو ایک اور میچ کیلئے ڈنمارک روانہ ہوگی۔ پرتگال 4 اکتوبر کو ایک بار پھر ناروے سے مدمقابل ہوگا۔ جارج جیسس نے پہلے ہی یہ واضح کیا تھا کہ قومی ٹیم میں اب بھی کرسٹیانو رونالڈو کیلئے جگہ موجود ہے۔ انہوں نے اب اپنے پہلے اسکواڈ میں رونالڈو کو شامل کر کے اس بیان کو سچ ثابت کر دیا۔

ریسلر انعام بٹ کو انٹرنیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی سے بڑا ریلیف مل گیا

لاہور (آن لائن) قومی ریسلر انعام بٹ کو بڑا ریلیف مل گیا، انعام بٹ اور انٹرنیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے درمیان معاہدے کی تفصیل سامنے آ گئی۔ انٹرنیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی نے محمد انعام بٹ کی ایشین گیمز میں شرکت کی تصدیق کر دی۔ ذرائع کے مطابق محمد انعام بٹ پر 2 ماہ کی پابندی 19 جولائی سے 18 ستمبر 2026ء تک رہی، ریسلر کی پابندی کی مدت مکمل ہو چکی ہے۔

سلیم ناظم اولیمپین میموریل ہاکی ٹورنامنٹ ناگزیر وجوہات کی بنا پر ملتوی کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) سلیم ناظم اولیمپین میموریل ہاکی ٹورنامنٹ ناگزیر وجوہات کی بنا پر ملتوی کر دیا گیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ ایم ایچ عاطف ہاکی اکیڈمی فیصل آباد کے زیر اہتمام 20 سے 25 ستمبر تک فیصل آباد ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا جانا تھا۔ ٹورنامنٹ چیف آرگنائزر محمد یامین بھٹی نے بتایا کہ ٹورنامنٹ ناگزیر وجوہات کی بنا پر ملتوی کر دیا گیا ہے اور نئی تاریخ کا اعلان آئندہ چند روز بعد کیا جائے گا اور ٹورنامنٹ میں آٹھ ٹیمیں ناک آؤٹ حصہ لیں گی۔

امریکی کھلاڑی پر شہید فلسطینی لڑکی کا اسٹیکر لگانے پر 11 ہزار ڈالرز جرمانہ

عزیز نے سٹیکر چہرے پر لگایا تھا، ان پر پچھلے سیزن میں بھی فلسطین کی حمایت میں 'اسٹاپ دی جینوسائیڈ' کا اسٹیکر لگانے پر جرمانہ ہو چکا

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں رگبی کے کھلاڑی عزیز الشائر پر اسرائیلی فوج کے ہاتھوں شہید فلسطینی لڑکی 'ہند رجب' کے نام کا اسٹیکر لگانے پر 11 ہزار ڈالرز جرمانہ کر دیا گیا۔ عزیز نے یہ اسٹیکر اپنے چہرے پر لگایا تھا، ان پر پچھلے سیزن میں بھی فلسطین کی حمایت میں 'اسٹاپ دی جینوسائیڈ' کا اسٹیکر لگانے پر جرمانہ ہو چکا ہے۔ ہند رجب کی شہادت اسرائیلی فوج کی ظالمانہ فائرنگ سے ہوئی تھی۔ فائرنگ کی زد میں پھنسی ہند رجب کی ریسکیو اداروں کو کال پر موو بھی بنائی جا چکی ہے۔ عزیز الشائر نے ہند رجب کے نام کا اسٹیکر ہیوسٹن ٹیکسانز اور بوفیلو بلز کے میچ کے دوران لگایا تھا۔

ایشیا کپ کی ٹرافیاں کب ملیں گی؟ بی سی سی آئی سیکرٹری کا نیا دعویٰ

دونوں ٹرافیاں بالآخر بی سی سی آئی کے ممبئی میں واقع ہیڈ کوارٹر پہنچ جائیں گی، دیوجیت سائیکیا کی بڑھک

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) کے سیکریٹری دیوجیت سائیکیا نے کہا ہے کہ ایشیا کپ کی مردوں اور خواتین کی دونوں ٹرافیاں بالآخر بی سی سی آئی کے ممبئی میں واقع ہیڈ کوارٹر پہنچ جائیں گی۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ ہفتے بھارت کی خواتین کرکٹ ٹیم نے ایشین کرکٹ کونسل (اے سی سی) کے صدر محسن نقوی سے فاتح ٹیم کی ٹرافی اور میڈلز وصول نہیں کیے تھے۔ اس سے قبل گزشتہ سال ایشیا کپ کے مردوں کے فائنل کے بعد بھی بھارت نے محسن نقوی سے ٹرافی وصول کرنے سے گریز کیا تھا، ممبئی میں بی سی سی آئی کی 95 ویں سالانہ جنرل میٹنگ کے بعد سائیکیا نے کہا کہ وہ ٹرافیوں کی واپسی کے لیے کوئی حتمی وقت نہیں بتا سکتے تاہم انہیں یقین ہے دونوں ٹرافیاں بی سی سی آئی کے ممبئی دفتر پہنچیں گی، خواتین کی ٹیم نے سری لنکا کو 72 رنز سے شکست دیکر ایشیا کپ جیتا تھا۔ بھارتی بورڈ کے مطابق محسن نقوی سے ٹرافی نہ لینے کا فیصلہ پہلے ہی اے سی سی کو بتا دیا گیا تھا اور یہ ایک ادارہ جاتی فیصلہ تھا۔

کوئٹہ، بلوچستان ریفارمز سپورٹس کلب کے زیر اہتمام پرنسپل ڈاکٹر صفیہ مینگل، ڈاکٹر فرحت حسین اور دیگر پبلک ہیلتھ سکول میں سپورٹس فن گالا کا افتتاح کر رہے ہیں

منتخب اسکولز کے کھلاڑیوں کی تربیت اور غذائیت پر توجہ دیں گے، چیئرمین پی سی بی

اسکول کرکٹ پروگرام میں گوادر، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان بھی شامل ہیں، محسن نقوی

سکول کرکٹ ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تحت رواں سال 2,895 میچز کھیلے جائیں گے، گفتگو

لاہور (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے اسکول کرکٹ کو قومی کرکٹ کی بنیاد قرار دے دیا۔ ہفتہ کو بیکن ہاؤس اور ایچی سن کالج کی ٹیموں کے درمیان افتتاحی میچ کے چیئرم

1 بقیہ

موجود تھے۔ گفتگو کے دوران متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ مقررہ مدت کے اندر مطلوبہ معیار کے مطابق تمام کام مکمل کریں اور کسی کوتاہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران واضح کیا گیا کہ عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہی ہماری اولین ذمہ داری ہے اور اس میں کسی قسم کی غفلت یا سستی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کہا کہ اور اس کے ساتھ ہی انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری مدارس کی بہتری کے لئے کوشاں ہیں اور اس کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری مدارس کی بہتری کے لئے کوشاں ہیں اور اس کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری مدارس کی بہتری کے لئے کوشاں ہیں اور اس کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری مدارس کی بہتری کے لئے کوشاں ہیں اور اس کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔

2 بقیہ

کھاوں کے افسران کو عوامی خدمات پر فوری توجہ دینے کے سوال کے جواب میں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ عوامی خدمات کے تمام کاموں کو ترجیحی بنیادوں پر کام کی فائل و بنیاد پر حل کیا جائے گا۔ کسی قسم کی غفلت یا سستی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ اجلاس کے دوران ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر ذوالفقار علی نے کہا کہ سرکاری مدارس کی بہتری کے لئے کوشاں ہیں اور اس کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری مدارس کی بہتری کے لئے کوشاں ہیں اور اس کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری مدارس کی بہتری کے لئے کوشاں ہیں اور اس کے لئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے۔

3 بقیہ

کے تمام اضلاع کے تمام تحصیلوں کے تمام اضلاع کے تمام تحصیلوں کے تمام اضلاع کے تمام تحصیلوں

اسلام آباد/وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینیٹر انوار الحق کاکڑ، آغا شکیل احمد درانی، سابق وزیراعلیٰ بلوچستان رکن ایوان بالا میر عبدالقدوس بزنجو اور ماموں میر اللہ داد بزنجو کے وفات پر تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پاک چین سفارتی تعلقات اعتماد احترام اور باہمی تعاون کی شاندار داستان ہیں، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

پاکستان اور چین کے تعلقات اب صرف حکومتوں اور ریاستی اداروں تک محدود نہیں بلکہ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان محبت، اعتماد اور خیر سگالی نے اس رشتے کو مزید مضبوط بنیاد فراہم کی ہے

چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) پاک چین شراکت داری کا ایک اہم مظہر ہے، جس نے رابطہ کاری، توانائی، بنیادی ڈھانچے اور صنعتی تعاون کے نئے امکانات پیدا کیے ہیں

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات محض 75 سالہ سفارتی سفر نہیں بلکہ باہمی اعتماد، احترام، تعاون اور آزمائش کی ہر گھڑی میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی شاندار داستان ہیں۔ 21 مئی 1951ء کو قائم ہونے والے پاک چین سفارتی تعلقات وقت کے ساتھ ایک مضبوط، مستحکم اور ہمہ جہت شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر Diplomatic Focus کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں چین کے سفیر، سفارت کاروں، ارکانِ پارلیمان، دانشوروں، میڈیا نمائندگان (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی میر عبدالقدوس بزنجو سے ان کے چچا کے انتقال پر تعزیت اور فاتحہ خوانی

کوئٹہ/اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینیٹر انوار الحق کاکڑ، آغا شکیل احمد درانی اور دیگر کے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

گوادر میں اسکولز کلسٹر ہیڈز کا اہم اجلاس

تعلیمی امور، کلسٹر بجٹ، کنٹریکٹ اساتذہ اور ڈراپ آٹ کی روک تھام کا جائزہ

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی زیر صدارت گورنمنٹ گرلز ہائر سیکنڈری اسکول گوادر میں اسکولز کلسٹر ہیڈز کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع گوادر کے تعلیمی امور، کلسٹر بجٹ کے شفاف و مساوی استعمال، کنٹریکٹ اساتذہ کی ایکسٹینشن، ڈراپ آؤٹ پریونشن، تعلیمی مواد کی تقسیم اور اسکولوں کو درپیش مسائل و چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی ایجوکیشن آفیسر زاہد حسین، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن وہاب مجید، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن زراتون، ڈسٹرکٹ پروگرام منیجر عادل نودیزی، ڈسٹرکٹ ٹریننگ منیجر صقر ناصر، (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ آج ہوگا

9900 سے زائد امیدوار حصہ لیں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ آج منعقد ہوگا، ٹیسٹ کیلئے کوئٹہ اور اسلام آباد میں مراکز بنائے گئے ہیں، موبائل فون اور الیکٹرونک آلات لانے ممنوع قرار دیا گیا، بولان یونیورسٹی آف میڈیکل کالج اینڈ ہیلتھ سائنسز کوئٹہ کے وائس چانسلر ڈاکٹر پروفیسر شبیر لہڑی نے بتایا کہ بلوچستان کے میڈیکل کالجز میں داخلے کیلئے ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ آج اتوار کو بیوٹمز میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے امیدواروں کیلئے کوئٹہ اور اسلام آباد میں دو مرکز بنائے گئے ہیں جس میں بیک وقت ٹیسٹ ہوگا (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی روٹی روزگار اور امن کی بحالی کی تحریک ہے، رحمت صالح بلوچ

عوامی مسائل پر آواز اٹھانے کے بجائے سیاسی مفادات کو ترجیح دینے والے عناصر کا عوام سے تعلق کمزور ہو چکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ 20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی روٹی روزگار اور امن کی بحالی کی تحریک ہے۔ یہ کسی ایک جماعت یا شخصیت کی ریلی نہیں بلکہ کیچ کے ہر غریب مزدور کسان طالب علم اور تاجر کی آواز ہے۔ بارڈر کی بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث لاکھوں خاندان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مکران کی معیشت کا بڑا دارومدار بارڈر تجارت پر ہے لیکن گزشتہ کئی ماہ سے بارڈر کی بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث کاروباری (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

گوادر رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ آؤٹ سکول چلڈرن پروگرام کے سالانہ رزلٹ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

عوام ایگل اسکواڈ کے ناروا رویے سے تنگ آچکے ہیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

شہریوں کے ساتھ ہتک آمیز سلوک اور رشوت طلب کیے جانے کے واقعات میں مسلسل اضافہ انتہائی تشویشناک ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں کی جانب سے شہریوں کے ساتھ ہتک آمیز سلوک اور رشوت طلب کیے جانے کے واقعات میں مسلسل اضافہ انتہائی تشویشناک ہے۔ ایگل اسکواڈ کے اہلکار عوام کے محافظ بننے کے بجائے مبینہ طور پر غنڈہ گردی کی روش اختیار کیے ہوئے ہیں۔ شہر بھر میں شہریوں کو ہراساں کرنے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

معیاری صحت تعلیم اور روزگار پائیدار ترقی اور خوشحال بلوچستان کی بنیادیں، ظہور بلیدی

بلوچستان حقیقی تبدیلی کی جانب پیش رفت کر رہا ہے، جہاں عوام کو معیاری صحت و تعلیم کی سہولیات کے ساتھ باعزت روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے

دور دراز علاقوں میں صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی سے عوام کو علاج کے لیے طویل سفر کی مشکلات سے نجات ملنے میں مدد مل سکتی ہے، صوبائی وزیر منصوبہ بندی

کوئٹہ (آن لائن) وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان حقیقی تبدیلی کی جانب پیش رفت کر رہا ہے، جہاں عوام کو معیاری صحت و تعلیم کی سہولیات کے ساتھ باعزت روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ معیاری صحت اور تعلیم تک عوام کی رسائی اور باوقار روزگار کے مواقع پائیدار ترقی اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال بائیکر میں 100 بڑی سرجریز مکمل ہونے سے متعلق سوشل میڈیا پوسٹ کا حوالہ دیتے ہوئے اس پیش رفت کو بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

قلات، ڈپٹی کمشنر انجینئر عائشہ زہری بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا آغاز کر رہی ہیں

سبی شہر میں جاری غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا مکمل خاتمہ کیا جائے، خان محمد جتک

عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ریاست پاکستان کی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان سنی تحریک کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری خان محمد جتک نے سبی کے دورے کے موقع پر میڈیا وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ سبی شہر میں جاری غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا مکمل خاتمہ کیا جائے شدید گرمی اور حبس میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے عوام مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہی ہے ایشاء کے گرم ترین شہر کو اعلانیہ اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دینے والی قرارداد پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے پاکستان سنی تحریک عوامی مسائل کی نشاندہی کرنے اور انھیں حل کرانے کیلئے اپنا قومی فریضہ ادا کرتی رہے گی انہوں نے کہا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران قطرے لازمی پلائے جائیں، فریدہ ترین

ضلع بھر میں کوئی بچہ پولیو ویکسین سے محروم نہ رہے، ٹیموں کی بروقت روانگی اور گھر گھر ویلسینیشن یقینی بنائی جائے

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے بچے کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر ضلع صحبت پور میں 21 ستمبر سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران ضلعی پولیو ٹیم کے ذمہ داران اور متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور ناقابل علاج مرض ہے تاہم بروقت اور مکمل ویلسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے انہوں نے اس موقع پر والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

بارکھان، رکھنی، کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی زیر تعمیر رکھنی تا بارکھان روڈ کا دورہ کر رہے ہیں

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر ''روزنامہ عوام'' 302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا

ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، کمشنر کوہ سلیمان

تعمیراتی کام مقررہ مدت میں معیاری انداز میں مکمل کیے جائیں

بارکھان/رکھنی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور ترقیاتی وژن کے تحت کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی نے رکھنی میں زیر تعمیر ماڈل بازار، عدالت روڈ، مین روڈ سے صمد خان گلی اور بائی پاس سمیت مختلف مقامات کا دورہ کر کے جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر عبدالباسط بزدار، ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید کاکڑ، سپرنٹنڈنگ انجینئر مواصلات و تعمیرات محمد رزاق، پراجیکٹ ڈائریکٹر محمد ظفر کھوسہ، ایکسئین بی اینڈ آر فضل محمد زرکون، اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی اور دیگر متعلقہ افسران بھی (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، فیصل جمالی

صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت عوامی مسائل کے حل اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ عوامی خدمت کو اپنا نصب العین سمجھتے ہیں حلقہ انتخاب کے عوام کو درپیش مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جائیں گے۔ انہوں نے یہ بات اپنی رہائش گاہ پر مختلف قبائلی عمائدین سے ملاقات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا سردار زادہ فیصل خان جمالی کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، متعلقہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

جماعت اسلامی دھرنوں اور احتجاج کے ذریعے عوام کی آواز بن رہی ہے، مولانا ہدایت الرحمٰن

ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، میڈیا، سماجی کارکنان، سول سوسائٹی اور سیاسی جماعتوں کو بھرپور شرکت کرنی چاہیے

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے جماعت اسلامی مسلسل جمہوری مزاحمت، دھرنوں اور احتجاج کے ذریعے عوام کی آواز بن رہی ہے۔ 20 ستمبر کو اسلام آباد میں ہونے والے لانگ مارچ اور دھرنے میں ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، میڈیا، سماجی کارکنان، سول سوسائٹی اور سیاسی جماعتوں کو بھرپور شرکت کرنی چاہیے۔ بھتہ خوری، بدعنوانی اور مہنگائی سے 25 کروڑ عوام، بالخصوص بلوچستان کے عوام، شدید متاثر ہیں۔ بلوچستان (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

ڈھاڈر، سیکرٹری پی ٹی اے بلوچستان کی ہدایت پر پی ٹی اے اور ٹریفک پولیس پنجی بغیر پرمٹ اور اوورلوڈنگ کرنے والی گاڑیوں کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

علمائے کرام کا فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس کا دورہ

سبی (آن لائن) علمائے کرام کا فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس کا دورہ، تعلیمی خدمات کو سراہا والدین کو اپنے بچوں کو فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس میں داخل کرانے کا پیغام بھی دیا تفصیلات کے مطابق شہری اتحاد ڈیرہ مراد جمالی کے جنرل سیکرٹری علامہ نواب دین ڈومکی اور جامعہ غوثیہ رضویہ نصیر آباد کے مہتمم مفتی محمد اقبال احمد قادری نے فیضان اسلامک اسکول سسٹم سبی کیمپس کا دورہ کیا اس موقع پر اسکول ہذا کے ایڈمن اسٹاف نے معزز مہمانوں کو تعلیمی و تربیتی اور (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

جمعیت علما اسلام کا مرکزی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس پشاور میں جاری

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام کے مرکزی امیر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمٰن کی صدارت میں مرکزی مجلس عاملہ کا غیر معمولی اجلاس آج 19 اور کل 20 ستمبر 2026 کو پشاور میں جاری رہیگا۔ اجلاس میں ملک بھر سے مرکزی مجلس عاملہ کے اراکین شریک ہیں۔ اجلاس میں ملکی و قومی صورتحال، آئندہ بلدیاتی انتخابات کی تیاری، صوبائی جماعتوں کی تنظیمی (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

خاران میں پولیس اور مبینہ اسنیچر آمنے سامنے فائرنگ کے تبادلے میں ایک زخمی گرفتار دو سرافرار

کوئٹہ (آن لائن) خاران پولیس نے فائرنگ کے تبادلے کے بعد ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے مسروقہ موبائل فون، ہزاروں روپے اور موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ نامعلوم راہزن خاران میں ڈکیتی کی وارداتیں کر رہے ہیں جس پر پولیس نے ملزمان کا تعاقب کیا تو انہوں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن میں ہونے والا دھماکہ ایک بار پھر ان تلخ حقیقتوں کی یاد دلاتا ہے، یونس بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) سابق ڈپٹی میئر کوئٹہ میر یونس بلوچ نے کہا ہے کہ کوہاٹ کے پرانا پولیس لائن میں ہونے والا دھماکہ ایک بار پھر ان تلخ حقیقتوں کی یاد دلاتا ہے جہاں امن کے چراغ بجھانے کی کوشش کی جاتی ہے اور معصوم جانیں دہشت کی بھینٹ چڑھ جاتی ہیں دھماکے میں قیمتی جانوں کا ضیاع افسوسناک ہے۔ اپنے مذمتی بیان میں حاجی میر یونس بلوچ نے کہا کہ دہشت اور وحشت پر مبنی سوچ انسانیت، امن اور معاشرے کے مستقبل کے خلاف ایک سنگین خطرہ ہے، جس کا خاتمہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

چاغی: قائم مقام ایس ایچ او گل شاہ کو مسلح افراد نے اغوا کر لیا

چاغی (آن لائن) چاغی بازار کے بس اڈہ سے نامعلوم مسلح افراد نے قائم مقام ایس ایچ او تھانہ چاغی، اے ایس آئی گل شاہ کو مبینہ طور پر اغوا کر لیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق چار نامعلوم مسلح افراد خاکی رنگ کی لینڈ کروزر میں بس اڈہ پہنچے، جہاں اے ایس آئی گل شاہ اکیلے موجود تھے۔ مسلح افراد انہیں اپنے ساتھ گاڑی میں بٹھا کر نامعلوم مقام کی جانب روانہ (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ ویسٹ: گداگروں/بھکاریوں کے خلاف کارروائی، 11 گداگر گرفتار

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد کی ہدایت پر گداگروں/بھکاریوں کے خلاف اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالرزاق کی جانب سے کرانی، ہزار ٹاؤن، گولی مار چوک اور وحدت کالونی کے اطراف مشترکہ کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران مختلف مقامات (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

تمام کارروائیاں قانون اور ضابطے کے مطابق اور میرٹ کی بنیاد پر کی جائیں، بشیر بڑیچ

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ اہلکاروں کو یونیفارم اور مخصوص ٹوپیاں فراہم

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ نے اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ ٹیم کے اہلکاروں میں یونیفارم اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی مخصوص ٹوپیاں تقسیم کیں۔ اس موقع پر انہوں نے اہلکاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ شہر میں تجاوزات کے خاتمے اور شہری نظم وضبط کی بہتری کے لیے اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ ٹیمیں فعال انداز میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہی ہیں۔ ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد بڑیچ نے کہا کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے چاروں زونز میں اینٹی انکروچمنٹ اور انفورسمنٹ کی ٹیمیں تشکیل دے کر (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کم آبادی والا پسماندہ صوبہ ہے، ایوان صنعت وتجارت

امن سے تاجر برادری اور کاروباری حضرات کو کاروبار کے بہتر وسیع مواقع فراہم کیے جاسکتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سابق سینئر نائب صدر حاجی آغا گل خلجی اور معروف بزنس مین بلوچستان آئل ٹریڈرز کے چیف ایگزیکٹو حاجی رضا شاہ مینگل نے کہا ہے کہ بلوچستان میں امن کے قیام کو یقینی بنا کر بزنس مین تاجر برادری اور کاروباری حضرات کو کاروبار کے بہتر وسیع مواقع فراہم کیے جاسکتے ہیں۔ بگڑتی ہوئی صورتحال میں بزنس کمیونٹی سمیت تمام طبقات کو مشکل صورتحال سے دوچار کر رکھا ہے حالات کی سنگینی کے باوجود تاجر لوگوں کو روزگار فراہم کر رہے ہیں۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے دور افتادہ علاقے بیکڑ میں پہلی بار 100 بڑی سرجریز کامیابی سے مکمل

میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں ہنگامی و پیچیدہ نوعیت کے آپریشنز، 24 گھنٹے آپریشن تھیٹر فعال

کوئٹہ (این این آئی) حکومت بلوچستان کی جانب سے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے نمایاں نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے، صوبے کے دور افتادہ علاقے بیکڑ میں واقع میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں تاریخ میں پہلی بار 100 بڑی سرجریز کامیابی سے مکمل کر لی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق ہسپتال میں ہنگامی اور پیچیدہ نوعیت کے کیسز سمیت 100 بڑی سرجریز کامیابی سے کی گئی ہیں، جبکہ آپریشن تھیٹر 24 گھنٹے فعال ہے جہاں مریضوں کو ہنگامی اور خصوصی جراحی کی سہولیات دستیاب ہیں۔ مقامی سطح پر جراحی کی سہولیات کی فراہمی سے دور دراز علاقوں کے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نارووال میں تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پانی کی سپلائی لائنوں کی باقاعدہ نگرانی کی جائے، اے سی لورالائی

کارروائی کے دوران قانونی کنکشن رکھنے والوں کے حقوق کا بھی مکمل خیال رکھا جائے گا

لورالائی (آن لائن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کا کارروائی کا آغاز، پانی کی منصفانہ فراہمی یقینی بنانے کے لیے ایک ہفتے تک آپریشن جاری رکھنے کا فیصلہ شہر میں پانی کی فراہمی سے متعلق عوامی شکایات اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے پیش نظر ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن) ر (محمد حسیب شجاع کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے غیر قانونی پانی کنکشنز کے خلاف باقاعدہ آپریشن کا آغاز کر دیا۔ بیاس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر بوری ندیم اکرم اور ایکسین پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے درمیان ایک اہم اجلاس (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے ضلع قلات میں چار روزہ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا گیا

پولیو سے پاک معاشرے کی تشکیل ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری اور بنیادی مقصد ہے، عائشہ زہری

قلات (خ ن) بلوچستان کے ضلع قلات میں چار روزہ پولیو مہم کا افتتاح، ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر چار روزہ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی، پولیو فوکل پرسن وحید بلوچ، عبدالفتاح دہوار، ٹی ایس اے ڈبلیو ایچ او قلات عمیر احمد، نگری عبدالمالک اور پی پی ایچ آئی کے اسسٹنٹ غلام فاروق نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں اور فنگر مارکنگ کی ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی نے ڈپٹی کمشنر قلات (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

تجاوزات کے خلاف آپریشن دوسرے روز بھی جاری

سامان تحویل میں لے لیا گیا بھاری جرمانے عائد

لورالائی (آن لائن) لورالائی شہر میں ٹریفک کی روانی میں حائل تجاوزات کے خلاف ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی کارروائی دوسرے روز بھی جاری رہی۔ ایس ڈی پی او صدر غلام اکبر کی سربراہی میں ٹریفک پولیس اور میونسپل کمیٹی کے عملے نے ہزارہ محلہ، تحصیل روڈ اور گردونواح میں دکانوں کے سامنے سڑکوں پر قائم تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ آپریشن کے دوران دکانوں کے باہر سڑکوں پر رکھا گیا سامان، نو پارکنگ ایریاز میں موجود رکاوٹیں اور دیگر تجاوزاتی اشیاء ہٹا کر ٹریفک پولیس نے تحویل میں لے لیں، جبکہ خلاف ورزی کرنے والوں پر جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ حکام نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ وہ سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر سامان رکھنے اور غیر قانونی پارکنگ سے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

ملکی مفادات کی خاطر حکومت مذاکرات کے راستے راستے کھول دے ذوالفقار طارقی

امن وامان قائم کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری، غفلت یا کوتاہی کے ذمہ داروں کا تعین کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) اہل سنت وجماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارقی قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک اس وقت انتہائی گمبھیر صورتحال سے دوچار ہے، ایسے حالات میں قومی مفادات، ملکی استحکام اور عوامی مسائل کو سامنے رکھتے ہوئے حکومت کو مذاکرات کے راستے بند کرنے کے بجائے تمام فریقین کے ساتھ بات چیت کے تمام ممکنہ راستے کھلے رکھنے چاہئیں۔ اختلافات چاہے سیاسی ہوں یا قومی نوعیت کے، ان کا حل باہمی گفت وشنید، مذاکرات اور سنجیدہ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام حرمین شریفین پر حملوں کے خلاف احتجاجی مظاہرے کے شرکاء سے عقیل احمد لغاری، حافظ خلیل اللہ، اور دیگر خطاب کر رہے ہیں

حب، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو این آر ایس پی کے ڈسٹرکٹ منیجر جہانگیر سیلاب متاثرین کی بحالی کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

کوہاٹ مسجد میں خودکش حملہ انتہائی افسوسناک قابل مذمت ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران معصوم نمازیوں کو سفاکانہ انداز میں نشانہ بنانے والے عناصر مسلمان تو درکنار، انسان کہلوانے کے بھی مستحق نہیں

خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے عوام، پولیس اور سکیورٹی فورسز دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلسل بھاری قربانیاں دے رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ خیبر پختونخوا ایک مرتبہ پھر دہشت گردی کے سنگین وار کی زد میں آ گیا ہے۔ کوہاٹ اولڈ پولیس لائنز کی مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران ہونے والا خوفناک خودکش حملہ انتہائی افسوسناک، قابلِ مذمت اور ناقابلِ معافی جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں اور ان کی مساجد کو نشانہ بنانا اسلام کے بنیادی احکامات اور تعلیمات کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ کوئی سچا مسلمان اللہ کے گھر پر حملہ کر کے نمازِ ادا کرنے والے بے گناہ مسلمانوں کو شہید نہیں کر سکتا۔ مساجد عبادت، امن اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کے مقدس مقامات ہیں۔ مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران معصوم نمازیوں کو سفاکانہ انداز میں نشانہ بنانے والے عناصر مسلمان تو (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ میں تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے بچہ ہلاک ہوگیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ میں تیز رفتار ٹرالر کی ٹکر سے بچہ ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کر دی گئی پولیس کے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ پولیس کی کارروائی مفرور اور سنگین وارداتوں میں ملوث 15 ملزمان کو گرفتار

ملزمان کے قبضے سے 5 کلو منشیات جس میں 2 کلو حشیش اور 3 کلو افیون برآمد کر لئے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے سنیچرز، منشیات فروشوں، مطلوب مفرور اور سنگین وارداتوں میں ملوث 15 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ ایمونیشن اور مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر کے قبضے میں لے لیں۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر تھانہ نیو کچلاک کے ایس ایچ او حاجی عبدالحئی گرانی نے دیگر عملے کے ہمراہ سنیچر امیر جان اور فیض اللہ کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے موٹر سائیکل اور اسلحہ بمعہ راؤنڈ برآمد کر لئے۔ اسی طرح ایس ایچ او تھانہ انڈسٹریل خیر محمد سالانی نے دیگر (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے، بشیر ناصر

مقررہ مدت میں تکمیل کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

ڈھاڈر (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کے وژن کے مطابق عوامی مفاد میں ترقیاتی عمل کو مقررہ معیار اور شفافیت کے ساتھ جاری رکھا جا رہا ہے، اس سلسلے میں چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیر آباد زون بشیر ناصر نے صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان کے احکامات کی روشنی میں تحصیل ڈھاڈر تحصیل مچھ اور تحصیل سنی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کر کے کام کی پیش رفت اور معیار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام و انجینئرز کی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

ترقیاتی منصوبوں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، حسیب شجاع

تکنیکی و مالی بولیوں کی جانچ پڑتال مقررہ معیار کے مطابق مکمل کی جائے

کوئٹہ (خ ن) ڈپ